## حسب مقدور رہائش کے لیے درخواست دینا: درخواست دہندہ کی آمدنی سے متعلق رہنما

*NYC Housing Connect: آمدنی سے متعلق رہنما*

*[FRONT/PAGE 1]*

### اس رہنما کے بارے میں

آپ کی ***آمدنی***حسب مقدور ہاؤسنگ کے لیے آپ کی درخواست کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ رہنما آپ کو دکھاتا ہے کہ حسب مقدور رہائش کے لیے آپ کی آمدنی کا حساب کتاب کس طرح کیا جاتا ہے۔ یہ رہائش کی درخواست نہیں ہے۔ یہ آپ کو یہ نہیں بتائے گا کہ آیا آپ کو اپارٹمنٹ مل جائے گا۔ لیکن اس سے آپ کی آمدنی کے بارے میں حتمی جوابات دینے میں آپ کو مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ کو ***اپنی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ*** میں بلایا جاتا ہے تو آپ کو اپنی درخواست پر درج ساری معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے دستاویزات لے کر آنے کی ضرورت ہوگی۔

بہت سارے کلیدی الفاظ اور فقروں کیوضاحت صفحہ 10 پر، "مفید اصطلاحات" میں کی گئی ہے۔ اس پورے رہنما میں، وہ بطور **حوالے *(جلی ترچھے حروف)*** میں درج ہیں۔

### اندرونی صفحات پر:


- **آمدنی کیا ہے؟ صفحہ 2**
- **کون سی آمدنی شامل ہے؟ صفحہ 3**
- **ملازمت سے ہونے والی آمدنی: صفحہ 4**
- **خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی: صفحہ 5**
- **دیگر وسائل سے ہونے والی آمدنی: صفحہ 7**
- **وہ آمدنی جو شامل نہیں ہے: صفحہ 8**
- **اکثر پوچھے گئے سوالات: صفحہ 9**
- **مفید اصطلاحات: صفحہ 10**


*اعلان دستبرداری:* یہ دستاویز صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے ارادے سے ہے۔ مواد کی بنیاد HUD آکیوپینسی ہینڈ بک 4350.3 اور HPD اور HDC مارکیٹنگ گائیڈ لائنز پر ہے۔ آمدنی کی مثالیں سبھی ممکنہ مالی صورتحال کی وضاحت نہیں کرتی ہیں۔

## آمدنی کیا ہے؟

کیا آپ کو درج ذیل سے رقم موصول ہوتی ہے...

- کوئی نوکری یا ایک سے زائد نوکری؟
- خود کے لیے کام کر رہے ہیں؟ مثالیں: ٹیکسی ڈرائیور، گیسو تراش، فری لانس آرٹسٹ
- دیگر ذرائع مستقل بنیاد پر؟مثالیں: چائلڈ سپورٹ، بے روزگاری سے متعلق بینیفٹس، سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI)، پنشن

یہ رقم آپ کی ***آمدنی*** ہے۔ حسب مقدور رہائش کے لیے درخواست دینے کے واسطے آپ کو یہ جاننا ہوگا کہ آپ کو کتنی رقم موصول ہوتی ہے۔

## آمدنی کا حساب کرنے کے لیے اقدامات:

**1. آمدنی کے اپنے سبھی ذرائع کی نشاندہی کریں:**

- ملازمت سے ہونے والی آمدنی (صفحہ 4)
- خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی(صفحہ 5)
- دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی(صفحہ 7)

**2. اجرتوں کو سالانہ میزان میں تبدیل کریں۔***

1. ٹیکس اور دیگر کٹوتیاں منہا کرنے سے پہلے کسی آجر سے ماہانہ اجرتیں
2. مجموعی آمدنی ادائیگی کی پرچی پر (ہفتہ وار، ہر دو ہفتے وغیرہ پر ادائیگی کی جاتی ہے)

**خود کے روزگار سے کمائی ہوئی آمدنی کو خالص آمدنی کے بطور شمار کیا جائے، جو کاروباری اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد رقم ہوتی ہے۔*

**3. سبھی ذرائع سے ہونے والی آمدنی کو اپنی کل سالانہ آمدنی میں شامل کریں۔**

## آپ کو آمدنی موصول ہو سکنے کے مختلف طریقے ہیں۔

کچھ مثالیں:

- ہر 2 ہفتے پر ادائیگی کا چیک
- ہر شفٹ میں نقد بخشش

- کسی بھی قسم کی ہفتہ وار یا ماہانہ ادائیگی، جیسے چائلڈ سپورٹ، پنشن یا بے روزگاری سے متعلق بینیفٹس
- ہر سال چھٹی کا بونس

### مختلف چیزوں کو آمدنی کہا جا سکتا ہے۔

کچھ مثالیں:

- تنخواہ
- اجرتیں
- کمائیاں
- ادائیگیاں

یہ ساری رقم ***آمدنی*** ہے۔ آپ کو اسے اپنی حسب مقدور رہائشکی درخواست میں شامل کرنا ہوگا۔ اگر آپ حسب مقدور رہائش کے لیے ***اپنی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ*** میں جاتے ہیں تو آپ کو اپنی آمدنی کی تصدیق کے لیے درج ذیل دستاویزات لانی ہوں گی۔

*یاد رکھیں*

اس پورے رہنما میں آپ ***حوالے کے بطور نشان زد (جلی ترچھے)*** حروف کے بارے میں معلومات صفحہ 10 پر، "مفید اصطلاحات" میں تلاش کر سکتے ہیں۔

## کون سی آمدنی شامل ہے؟

**حسب مقدور رہائش کی درخواست پر آمدنی کی 3 اصل قسمیں ہیں۔**

## 1. ملازمت سے ہونے والی آمدنی

وہ رقم جو آپ کو آجر کے ذریعہ ادا کی جاتی ہے۔ اس میں بخشش، بونس، فاضل وقت اور دیگر قسموں کی ادائیگی شامل ہے۔ اگر آپ کو W-2 ٹیکس فارم ملتا ہے تو وہ آمدنی ***ملازمت سے ہونے والی آمدنی*** ہے۔درخواست پر ٹیکس یا دیگر رقم منہا کیے جانے سے *قبل* والی رقم شامل کریں ***(مجموعی آمدنی)***۔

**مثلاً:**

- سالانہ تنخواہ
- اجرتیں، بشمول نقدی، جو ***مستقل بنیاد*** پر ادا کی جائے۔مثالیں: ہفتہ وار، ہر 2 ہفتے پر، مہینے میں دو بار، ماہانہ
- کسی آجر کے لیے ***اتفاقی یا فروعی*** کام۔ مثالیں: کسی کیٹرنگ کمپنی کے لیے اواخر ہفتہ کی نوکریاں، کسی ہسپتال یا ایجنسی میں روزینہ (یومیہ) نگہداشت صحت کی نوکریاں
- موسمی کام۔ مثالیں: چھٹی کے موسم میں ریٹیل، چھت بنانے والی کمپنی میں موسم گرما میں کام
- تجاویز
- تعطیل کی ادائیگی
- فاضل وقت
- بونس اور کمیشن جو آپ کو مستقل بنیاد پر موصول ہوتے ہیں

## 2. خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی

وہ ساری رقم جو خود کے لیے کام کرنے، فری لانسنگ، ایک خود مختار ٹھیکیدار کے ناطے آپ کو ایک سال میں موصول ہوتی ہے۔درخواست پر، کاروباری اخراجات اور دیگر کٹوتیاں منہا کرنے کے *بعد* کی رقم شامل کریں ***(خالص آمدنی)***۔

**مثلاً:**

- آپ کے ٹیکس ریٹرن پر "کاروبار سے ہونے والی آمدنی (یا خسارہ)"
- خود اپنے کاروبار کی ملکیت سے ہونے والی آمدنی
- فری لانسنگ۔ مثالیں: قلمکار یا فنکار جس کو براہ راست کلائنٹس سے ادائیگی کی جاتی ہے
- ایک خود مختار ٹھیکیدار یا صلاحکار ہونے کے ناطے
- ایک خود مختار خدمت فراہم کنندہ ہونے کے ناطے۔ مثالیں: ٹیکسی ڈرائیور جس کے پاس کیب ہے/کرایے پر لیا ہے، گیسو تراش جو سیلون میں کرایے پر جگہ لیے ہوا ہے
- خود کے لیے موسمی یا اتفاقی کام۔ مثالیں: گھریلو صفائی ملازم جس کو براہ راست مالک کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہے، موسم گرما میں خود اپنا کیٹرنگ کا کاروبار چلانا

## 3. دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی

آپ کو موصول ہونے والی وہ ساری رقم جو مستقل بنیاد پر ادا کی جاتی ہے، لیکن جو کام کرنے سے نہیں ہوتی ہے۔ مثلاً: چائلڈ سپورٹ، سوشل سیکیورٹی، بے روزگاری بیمہ، یا سود سے ہونے والی ادائیگیاں۔درخواست پر، دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی صرف اس صورت میں شامل کریں جب یہ آپ کو ***مستقل بنیاد*** پر (ہفتہ وار، ماہانہ، سالانہ وغیرہ) موصول ہوتی ہو۔

**مثلاً:**

- نفقہ
- سالیانہ کی ادائیگیاں
- آرمڈ فورسز ریزروز
- چائلڈ سپورٹ
- منافع
- معذوری بیمہ
- ***تحفے سے ہونے والی آمدنی***
- ***اثاثوں سے ملنے والا سود***
- پنشن
- سرکاری اعانت (Public Assistance, PA)
- کرایے کی جائیداد سے آمدنی
- سوشل سیکیورٹی یا SSI

- بیروزگاری سے متعلق بینیفٹس
- رفاہی اعانت
- ورکرز کمپنسیشن

*[PAGE 4]*

## 1. ملازمت سے ہونے والی آمدنی

***روزگار سے ہونے والی آمدنی*** وہ رقم ہے جو آپ نوکری سے کماتے ہیں۔ یہ وہ رقم ہوتی ہے جو کوئی آجر آپ کو ٹیکس یا دیگر کٹوتیاں منہا ہونے سے قبل ادا کرتا ہے (***مجموعی آمدنی***)۔ اپنی درخواست پر، ایک پورے سال کی رقم (***سالانہ آمدنی***) شامل کریں۔ خود اپنے کاروبار کی ملکیت سے ہونے والی آمدنی شامل کرنے کے بارے میں جاننے کے لیے، صفحہ 5 "خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی" پر جائیں۔

### کیا آپ کے پاس یا جس کسی فرد کے ساتھ آپ رہیں گے اس کے پاس، درج ذیل سے کوئی آمدنی ہے...؟

- سالانہ تنخواہ
- گھنٹہ وار، یومیہ، یا ہفتہ وار اجرتیں
- نقد ادائیگی ملنا
- تجاویز
- ***اتفاقی یا فروعی*** کام کسی آجر کے لیے *مثالیں: کیٹرنگ کمپنی کے لیے کام، کسی ہسپتال یا ایجنسی میں روزینہ (یومیہ) نگہداشت صحت کی نوکریاں*
- موسمی کام۔ مثال: چھٹی کے موسم میں ریٹیل، چھت بنانے والی کمپنی میں موسم گرما میں کام
- تعطیل کی ادائیگی، فاضل وقت، بونس یا کمیشن

یہ ***ملازمت سے ہونے والی آمدنی*** کے ذرائع ہیں۔اگر آپ نے ان میں سے کسی کا بھی جواب ہاں میں دیا تو ان رقوم کو اپنی درخواست کے "ملازمت سے ہونے والی آمدنی" والے حصے میں شامل کریں۔

### سالانہ آمدنی کا حساب کیسے کریں

آپ کی ساری آمدنی ایک یک سالہ یا سالانہ، میزان میں شامل کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کو باقاعدگی سے ادائیگی کی جاتی ہے (جیسے ہفتہ وار، ہر 2 ہفتے پر، مہینے میں دو

بار وغیره) تو آپ کو اپنی ***سالانہ آمدنی*** متعین کرنے کےلیے یہ اہم اقدامات کرنا ضروری ہے۔

*نوٹ: اگر آپ NYC ہاؤسنگ کنیکٹ (NYC Housing Connect) میں درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو یہ حساب کتاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب آپ اپنے پروفائل میں آمدنی کی معلومات پُر کرتے ہیں تو یہ کام خود بخود ہو جاتا ہے۔*

### *اختیار 1: گھنٹہ وار اجرتوں کو سالانہ آمدنی میں بدلیں:*

**ضرب دیں** ($ جو آپ کو 1 گھنٹے کے لیے ادا کیا جاتا ہے) گنا (# جتنے گھنٹے آپ عموماً 1 ہفتے میں کام کرتے ہیں) گنا (#جتنے ہفتے آپ عموماً 1 مہینے میں کام کرتے ہیں) = ***سالانہ آمدنی***۔

### *اختیار 2: مستقل بنیاد پر ادا کی جانے والی اجرتوں کو سالانہ آمدنی میں بدلیں۔*

**آپ کو کتنی مرتبہ ادائیگی کی جاتی ہے؟**

- ہر ہفتے: ضرب دیں $ جو ہر ہفتے ادا کی جاتی ہے گنا 52 = سالانہ آمدنی
- ہر 2 ہفتے پر: ضرب دیں $ جو ہر 2 ہفتے پر ادا کی جاتی ہے گنا 26 = سالانہ آمدنی
- مہینے میں دو بار: ضرب دیں $ جو ایک مہینے دو بار ادا کی جاتی ہے گنا 24 = سالانہ آمدنی
- مہینے میں ایک بار: ضرب دیں $ جو ہر مہینے ادا کی جاتی ہے گنا 12 = سالانہ آمدنی

### *یاد رکھیں*

ملازمت سے ہونے والی آمدنی ٹیکس اور دیگر رقم یا کٹوتیاں منہا کیے جانے سے پہلے ہونی چاہیے۔ (اسے ***مجموعی آمدنی*** کہا جاتا ہے)۔ آپ کو پورے سال کے لیے ہر آجر سے مجموعی آمدنی کو شامل کرنا ضروری ہے۔

## 2. خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی

***خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی*** وہ رقم ہوتی ہے جو آپ خود کے لیے کام کرکے، فری لانسنگ یا ایک خود مختار ٹھیکیدار ہونے کے ناطے ایک سال میں کماتے ہیں۔ اپنی درخواست پر، پورے سال کی رقم شامل کریں، اس میں سے کاروباری اخراجات منہا کریں ***(خالص آمدنی)***۔اگر آپ ہر سال اتنی ہی رقم نہیں کماتے ہیں توصفحہ 6، "خود کے روزگار سے سالانہ آمدنی کا تخمینہ نکالنا" پر بھی جائیں۔

### کیا آپ یا جس کسی فرد کے ساتھ آپ رہیں گے اس کو...

- 1099 ٹیکس فارم موصول ہوتے ہیں؟
- خود اپنے کاروبار کی ملکیت حاصل ہے؟
- ایک خود مختار خدمت فراہم کنندہ کے بطور کام کرتے ہیں؟ مثالیں: ٹیکسی ڈرائیور جس کے پاس کیب ہے/کرایے پر لیا ہے، گیسو تراش جو سیلون میں کرایے پر جگہ لیے ہوا ہے۔
- فری لانس کام کرتا ہے؟ مثالیں: فنکار، قلمکار یا گرافک ڈیزائنر جس کو براہ راست کلائنٹس سے ادائیگی کی جاتی ہے۔
- صلاحکار یا ***خود مختار ٹھیکیدار*** کے بطور کام ؟ مثال نیچے ہے۔
- اتفاقی یا موسمی بنیاد پر خود کے لیے کام کرتا ہے۔ گھریلو صفائی ملازم جس کو براہ راست مالک کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہے، دایہ جس کو براہ راست اہل خانہ کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہے، موسم گرما میں خود اپنا کیٹرنگ کا کاروبار چلانا۔

یہ خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی کے ذرائع ہیں۔ اگر آپ نے ان میں سے کسی کا بھی جواب "ہاں" میں دیا تو درخواست کے آجر والے حصے میں "خود" درج کریں اور ***خالص آمدنی*** کی رقم کی رپورٹ کریں۔

**خودکےروزگارسےخالصآمدنیکاحسابکتابکیسےکریں**

1. ایک سال میں آپ کے کاروبار میں آنے والی رقم کی کل مقدار سے شروعات کریں۔ (آپ کے 1099 ٹیکس فارم پر، یہ "مجموعی وصولیابیاں" ہوتی ہے۔)
2. کاروباری اخراجات اور کوئی دیگر کٹوتیاں منہا کریں۔
3. یہ آپ کی ***خود کے روزگار سے ہونے والی خالص آمدنی*** ہے۔

### خودمختارٹھیکیدارکیاہے؟

***خود مختار ٹھیکیدار*** وہ شخص ہوتا ہے جسے دوسرے لوگ ضرورت پڑنے پر مخصوص قسم کا کام انجام دینے کے لیے معاوضے پر رکھتے ہیں۔ عموماً ٹھیکیدار اور انہیں معاوضے پر رکھنے والے شخص کے بیچ اقرارنامہ یا معاہدہ ہوتا ہے۔

مثال: نکول پینٹر

نکول ایک پینٹر ہے جو ایک ***خود مختار ٹھیکیدار*** کے بطور کام کرتی ہے۔ اس کے پاس خود اپنے سارے پینٹ برش، سیڑھیاں اور دیگر سامان ہیں اور لوگ اپنے اپارٹمنٹس پینٹ کروانے کے لیے اسے معاوضے پر بحال کرتے ہیں۔ کسی کے لیے بھی پینٹنگ کا کام شروع کرنے سے پہلے، وہ یہ امر طے کرتی ہیں کہ اسے فی گھنٹہ کتنی رقم ادا کی جائے گی اور پھر وہ ایک معاہدے پر دستخط کرتی ہے۔ جب نکول پینٹنگ کا کام مکمل کر لیتی ہے تب وہ اس فرد کو بتاتی ہے کہ اس نے کتنے گھنٹے کام کیے ہیں اور وہ شخص اس کے نام ایک چیک بنا دیتا ہے یا اسے نقد دے دیتا ہے۔

*یاد رکھیں*

درخواست پر، خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی کاروبار اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے *بعد* ہونی چاہیے۔ (اسے ***خالص آمدنی*** کہا جاتا ہے)۔

### خودکےروزگارسےسالانہآمدنیکاتخیمنہنکالنا

ممکن ہے آپ ہر سال خود کے روزگار سے قطعی طور پر اتنی ہی رقم نہ کما سکیں۔ یہ ٹھیک ہے۔ خود کے روزگار سے اپنی سالانہ آمدنی کا تخیمنہ نکالنے کے لیے یہ اقدامات استعمال کریں۔

1. اس قسم کے خود کے روزگار والے کام کے مدنظر آپ کو لگاتار پچھلے 3 سال کے ٹیکس ریٹرنز کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپ کے پاس 3 سال کی معلومات نہیں ہے تو پچھلے لگاتار 2 سال کی معلومات استعمال کریں۔
2. ٹیکس ریٹرن پر خالص منافع پر نظر ڈالیں۔ ٹیکس ریٹرن پر، سطر 12، "کاروباری آمدنی (یا خسارہ)"دیکھیں۔ شیڈول C فارم پر، سطر 31، "خالص منافع (یا خسارہ)"دیکھیں۔
3. کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اس سال *تقریباً اتنی ہی* رقم کمائیں گے جتنی آپ نے پچھلے سال کمائی؟ اگر ہاں تو اوسط کا حساب نکالیں اور وہ رقم درخواست پر شامل کریں۔ (اوسط نکالنے کا طریقہ نیچے دیکھیں)
4. کیا آپ کو اس سال کی رقم پچھلے سال سے *مختلف* ہونے کی توقع ہے؟ اگر ہاں تو وہ رقم شامل کریں جو آپ کو اس سال کمانے کی توقع ہے۔

5. اگر آپ کو ایک سال رقم کا نقصان ہوتا ہے تو اس سال کے لیے $0.00 استعمال کریں۔ منفی نمبر استعمال نہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے نیچے "اوسط کے بارے میں" کو دیکھیں۔
6. یقینی بنائیں کہ ماضی میں آپ نے جو رقم کمائی ہے اسے ثابت کرنے کے لیے آپ کے پاس دستاویزات ہیں (جیسے ٹیکس ریٹرنز) اور جو رقم آپ کے خیال میں آپ اس سال کمائیں گے (جیسے کہ آپ کے اکاؤنٹنٹ یا بزنس مینیجر کی جانب سے خط، مالی گوشوارہ، بجٹ، رسیدیں یا دیگر معلومات)۔

## مثال: ڈیوڈ کی کیٹرنگ

ڈیوڈ ہفتے کے دوران حکومت کے لیے کام کرتا ہے، لیکن چند سال پہلے اس نے اضافی کمائی کرنے کے لیے موسم گرما کے اواخر میں کیٹرنگ کا کاروبار بھی شروع کیا۔ کاروبار پھل پھول رہا ہے۔

ہر سال ڈیوڈ کے بزنس کو پچھلے سال سے تھوڑی زیادہ کمائی ہوتی ہے۔ 3 سال پہلے، کاروبار سے $5,000 کی کمائی ہوئی۔2 سال پہلے، اسے $7,000 کی کمائی ہوئی۔پچھلے سال، اس نے $9,000 کمائے۔

پچھلے 3 سالوں کے رجحان کی بنیاد پر، ڈیوڈ کو اس سال کیٹرنگ سے $11,000 کمائی ہونے کی توقع ہے۔ اسے درخواست پر اپنے خود کے روزگار سے ہونے والی کمائی کی جگہ پر $11,000 درج کرنا چاہیے۔ یہ اس کی سرکاری ملازمت سے ملنے والی تنخواہ کے علاوہ ہے۔

**اوسط کے بارے میں**

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ اس سال لگ بھگ اتنی ہی رقم کمائیں گے جتنا آپ نے پچھلے 3 سالوں میں کمایا تو ان تین سالوں کا اوسط نکالیں اور اسے اپنی درخواست پر درج کریں۔اس کا طریقہ یہ ہے:

1. لگاتار پچھلے 2 یا 3 سالوں کے اپنے ٹیکس ریٹرنز سے خالص منافع کی رقوم تلاش کریں۔
2. ان سبھی رقوم کو جمع کریں۔ کیا ان میں سے کوئی رقم منفی ہے (مثال: $ - 924.00)؟ اگر ہاں تو، اس کے بجائے اس سال کے لیے $0.00 کا استعمال کریں۔

3. آمدنی کی جتنی رقم سے آپ نے شروعات کی اس سے اس عدد کو تقسیم کریں۔ اگر آپ کے پاس ***3*** سالوں کی رقوم ہیں تو اوسط نکالنے کے لیے اس عدد کو 3 سے تقسیم کریں۔ اگر آپ کے پاس ***2*** سالوں کی رقوم ہیں تو اوسط نکالنے کے لیے اس عدد کو 2 سے تقسیم کریں۔
4. اوسط کو اپنی درخواست کے "خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی" والے حصے میں درج کریں۔

*[PAGE 7]*

## 3. دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی

آپ یا جس کسی فرد کے ساتھ آپ رہیں گے اس کے پاس ممکن ہے ایسی آمدنی ہو جو نوکری یا خود کے روزگار سے نہ آتی ہو۔اگر آپ کو یہ ***آمدنی دوسرے ذرائع سے*** ایک***مستقل بنیاد*** پر موصول ہوتی ہو تو آپ کو اپنی درخواست پر اسے بھی شامل کرنا ضروری ہے۔

### کیا آپ کو یا جس کسی فرد کے ساتھ آپ رہیں گے اس کو مستقل بنیاد پر، درج ذیل سے آمدنی موصول ہوتی ہے...؟

*نوٹ: 18 سال سے کم عمر کے بچوں سے ہونے والی آمدنی شامل کریں۔*

- نفقہ
- سالیانہ کی ادائیگیاں
- آرمڈ فورسز ریزروز
- چائلڈ سپورٹ*
- معذوری بیمہ
- تقسیم
- منافع
- تحائف۔ مثالیں اگلے صفحہ پر ہیں
- اثاثوں (جیسے بینک اکاؤنٹس یا دیگر سرمایہ کاریوں سے ملنے والا سود)۔ مزید تفصیلات صفحہ 10 پر، "مفید اصطلاحات" میں ہیں۔
- پنشن
- سرکاری اعانت (PA)**
- کرایے کی جائیداد۔ کرایے کی جائیداد سے ہونے والی خالص آمدنی شامل کریں

- سوشل سیکیورٹی یا SSI- ہر مہینے کی پوری رقم، کٹوتیوں سے پہلے استعمال کریں
- بیروزگاری سے متعلق بینیفٹس
- ورکرز کمپنسیشن

یہ دوسرے ذرائع سے ہونے والی آمدنی کی مثالیں ہیں۔ اگر آپ نے ان میں سے کسی کا بھی جواب ہاں میں دیا تو ان رقوم کو اپنی درخواست کے "دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی" والے حصے میں شامل کریں۔

## یاد رکھیں

***دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی*** صرف اس صورت میں شامل کریں جب آپ کو یہ ***مستقل بنیاد*** پر (جیسے ہفتہ وار، ہر دو ہفتے پر، یا سالانہ) موصول ہوتی ہو۔ ***یک وقتی ادائیگیاں*** شامل نہ کریں۔

درخواست پر، وہ رقم شامل کریں جو آپ کو ہر ذریعے سے پورے سال موصول ہوگی۔ اگر آپ کو پورے سال ادائیگی موصول نہ ہو رہی ہو تو بھی یہ کام کریں۔مثلاً: آپ کو بے روزگاری سے متعلق ادائیگیاں ہر ہفتے موصول ہوتی ہیں، لیکن آپ کو معلوم ہے کہ ادائیگیاں چند مہینوں میں ختم ہو جائیں گی۔ اگر ادائیگیاں ختم ہونے والی نہیں ہیں تو ایک سال میں آپ کو کل جتنی رقم موصول ہوگی اسے شامل کریں۔ مستقل ادائیگیوں سے سالانہ آمدنی کا حساب کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے صفحہ 4 پر جائیں۔

** کیا آپ کو عدالت کا آرڈر کردہ چائلڈ سپورٹ **اور** سرکاری اعانت (PA) موصول ہوتی ہے؟ چائلڈ سپورٹ کی ادا کردہ پوری رقم شامل کرنے کو یقینی بنائیں۔ مثلاً، اگر آپ کو "pass-through" والی ادائیگیاں موصول ہوتی ہیں تو ادا کردہ چائلڈ سپورٹ کی پوری رقم آپ کو ہر مہینے موصول ہونے والی رقم سے مختلف ہو سکتی ہے۔*

*** سرکاری اعانت سے ہونے والی آپ کی آمدنی کا حساب "حسب ادائیگی" کی مقامیتوں کے اصول کے مطابق کیا جائے گا۔ اگر آپ اپنی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ میں جاتے ہیں تو ڈیولپر یا مارکیٹنگ ایجنٹ یہ حساب کتاب کرنے کیلئے آپ کی ساری دستاویزی شہادت پر نگاہ ڈالے گا۔*

**تحفے سے ہونے والی آمدنی کیا ہے؟**

اگر آپ کے ساتھ نہیں رہنے والے لوگ آپ کو ***مستقل بنیاد*** پر رقم دیتے ہیں یا آپ کے بلوں کی ادائیگی میں آپ کی مدد کرتے ہیں تو یہ ***تحفے سے ہونے والی آمدنی*** ہے۔آپ کو اسے اپنی آمدنی کے حساب کتاب میں شامل کرنا ضروری ہے۔

**مثالیں:**

- آپ کے والدین ہر مہینے آپ کا بجلی کا بل ادا کرتے ہیں اور اس کا اوسط قریب $100 فی ماہ ہے۔ آپ کو اپنی درخواست پر اپنی آمدنی میں $100 فی ماہ شامل کرنا ضروری ہے۔
- ایک دوست یا رشتہ دار آپ کے اخراجات میں مدد کے لیے آپ کو ہر ہفتے $20 نقد دیتا ہے۔ آپ کو اپنی درخواست پر اپنی آمدنی میں $20 فی ہفتہ شامل کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ کو اپنی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ میں بلایا جاتا ہے تو آپ کو یہ ثابت کرنے کے لیے دستاویزات کی ضرورت ہوگی کہ آپ کو یہ تحفے سے ہونے والی آمدنی مستقل بنیاد پر موصول ہوتی ہے۔ مثلاً، یقینی بنائیں کہ آپ نقد ادائیگیاں اسی وقت اپنے بینک کھاتے میں جمع کروا دیتے ہیں تاکہ آپ کے بینک کے گوشوارے سے یہ پتہ چل جائے کہ آپ کو باقاعدگی سے ادائیگی کی جاتی ہے۔ آپ کسی اور کے منسوخ کردہ چیک کی کاپیوں کی مدد سے یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ وہ شخص بلوں کی ادائیگی کرتا ہے۔

*نوٹ: درج ذیل تحفے سے ہونے والی آمدنی نہیں ہیں اور انہیں آپ کی آمدنی کے حساب کتاب میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے۔ (1) آپ کے گھرانے میں موجود بچوں کے لیے کریانہ سامانوں کے تحائف، (2) مفت یا تخفیف شدہ اسکول لنچ کی مالیت یا (3) عمر رسیدہ یا ضرورتمند افراد کو فراہم کردہ کھانے کی مالیت۔*

## وہ آمدنی جو شامل نہیں ہے

### جس چیز کو آمدنی کے بطور شمار کیا جاتا ہے اس میں کچھ استثنا ہیں:

- 18 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے ملازمت سے ہونے والی آمدنی
- 18 سال سے زائد عمر کے کل وقتی زیر کفالت ***طالب علم*** کی کمائی ہوئی $480 سے زائد کوئی بھی آمدنی
- یکمشت ادائیگیاں۔ مثالیں: *انشورنس پے آؤٹس*، وراثت
- یک وقتی، غیر اعادی یا فروعی ادائیگی (بشمول ***یک وقتی تحائف***)
- طبی اخراجات کے لیے ادائیگیاں یا باز ادائیگیاں
- رضاعی بچوں کی نگہداشت کے لیے ادائیگیاں
- طالب علم یا تعلیمی ادارے کو ادا کردہ طالبانہ اعانت
- فوڈ اسٹیمپ یا SNAP کی ڈالر کی مالیت
- آپ کے گھرانے کے بچوں کے لیے کریانہ سامانوں کے تحائف
- مفت یا تخفیف شدہ اسکول لنچ کی مالیت
- عمر رسیدہ یا ضرورتمند افراد کو فراہم کردہ کھانے کی مالیت۔

**یہ آئٹمز اپنی آمدنی کے حساب کتاب میں شامل نہ کریں۔**

## اکثرپوچھے گئے سوالات

### ملازمت سے ہونے والی آمدنی

**مجھے اپنی *سالانہ آمدنی* کا پتہ لگانے کی ضرورت کیوں ہے؟ کیا پچھلے سال جو کچھ میں نے کمایا بس اسی کو درج کر سکتا ہوں؟**

آپ اور جن لوگوں کے ساتھ آپ رہیں گے وہ اس بنیاد پر ***اہل*** ہوں گے کہ آئندہ آپ کتنی رقم کمائیں گے۔ پچھلے سال کی ٹیکس کی کٹوتیوں پر نظر ڈالنا اچھا خیال کیا جاتا ہے، لیکن یہ کافی نہیں ہے۔ ہر سال مختلف ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے فی الحال آپ جتنی رقم کماتے ہیں اور جتنی مرتبہ آپ کو ادائیگی ملتی ہے اسے درج کرنا آپ کے لیے ضروری ہے۔ اسی وجہ سے آپ کو وہ بونس بھی جو آپ کو ***مستقل بنیاد پر*** موصول ہوتے ہیں یا موصول ہونے کی توقع ہے اور ***دوسرے ذرائع سے ہونے والی آمدنی*** کو بھی شامل کرنا ضروری ہے۔

**میری بالغ بیٹی ایک کل وقتی *طالبہ* ہے جو اسکول کے بعد کام کرتی ہے۔ کیا اس کی آمدنی شامل کی جاتی ہے؟**

اگر والدین یا سرپرستوں کے ذریعہ 18 سال سے زائد عمر کے کل وقتی طالب علم کا دعوی زیر کفالت کے بطور کیا جاتا ہے تو اس کی ***ملازمت سے ہونے والی آمدنی*** کا صرف 480$ آمدنی کے بطور شامل کیا جاتا ہے۔

**مجھے نقد ادائیگی ملتی ہے۔ میں اسے اپنی آمدنی کس طرح ثابت کر سکتا ہوں؟**

اپنی نقد آمدنی کا ریکارڈ رکھنا ضروری ہے۔ جب بھی آپ کو نقد ادائیگی ملتی ہے رقم کی وہ مقدار، تاریخ اور جس نے آپ کو ادائیگی کی اس کا نام تحریر کر لیں۔ نقد ادائیگیوں کا یہ ریکارڈ ایک محفوظ جگہ میں رکھیں۔

اگر آپ کا بینک کھاتہ ہے تو نقدی اسی وقت جمع کروا دیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بینک کے پاس ایک ریکارڈ ہوگا کہ آپ کو باقاعدگی سے ادائیگی کی گئی تھی۔ اگر آپ کو بینک سے دوبارہ وہ رقم نکالنے کی ضرورت پڑتی ہے تو یہ ٹھیک ہے۔ آپ کے بینک گوشوارے میں اب بھی ڈپازٹ نظر آئے گا۔

*یاد رکھیں:* اگر آپ کو ایک مخصوص رقم سے زیادہ نقد آمدنی ہوتی ہے تو آپ کو اپنے ٹیکس ریٹرن میں بھی اس کی رپورٹ کرنا ضروری ہے۔ آپ کے ٹیکس فارموں سے پتہ چلے گا کہ وہ رقم کتنی ہے۔

**مجھے *اتفاقی یا فروعی* بنیاد پر ادائیگی موصول ہوتی ہے۔ میں اپنی آمدنی کا حساب کتاب کس طرح کروں؟**

گر آپ کو ***مستقل بنیاد*** پر ادائیگی موصول نہیں ہوتی ہے تو آپ کی سالانہ آمدنی کا حساب کتاب کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اضافی رقم کمانے کے لیے کچھ اواخر ہفتہ کو کیٹرر کے لیے کام کرنا، روزینہ (یومیہ) نگہداشت صحت کی نوکریاں، عارضی نوکریاں اور اداکاری کا کام ایسے اتفافی یا فروعی کام کی مثالیں ہو سکتی ہیں جو آپ کسی آجر کے لیے انجام دیتے ہیں۔

کیا آپ نے پچھلے 3 سالوں میں اتفاقی یا فروعی بنیاد پر آمدنی کمائی ہے؟ اگر ہاں تو پورے تین سالوں میں کل ملا کر آپ نے جتنی رقم کمائی ہے اسے جمع کرکے 3 سے تقسیم کریں۔ یہ عدد اس کام سے ہونے والی آپ کی اوسط سالانہ آمدنی ہے۔

پھر تخمینہ لگائیں کہ آپ اسی قسم کے کام سے اس سال کتنا کمائیں گے۔ اس عدد کا موازنہ اپنے سالانہ اوسط سے کریں۔ کون زیادہ ہے؟ اپنی درخواست کے "ملازمت سے ہونے والی آمدنی" والے سیکشن میں اعلی تر عدد استعمال کریں۔

**اگر میرے درخواست دینے کے بعد میری آمدنی تبدیل ہو جاتی ہے اور پھر مجھے *میرے گھرانے کی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ* میں بلایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

وہ سبھی دستاویزات اور ریکارڈ سنبھال کر رکھیں جن سے ابھی آپ کی آمدنی کی تصدیق ہوتی ہے۔ اگر آپ کی آمدنی تبدیل ہو جاتی ہے (مثلاً، نئی نوکری، یا اضافہ) تو آئندہ آپ کی جتنی کمائی ہوگی اسے دکھانے والی دستاویزات بھی لائیں۔ ڈیولپر یا مارکیٹنگ ایجنٹ آپ کی آمدنی کا دوبارہ حساب کتاب کرے گا۔

## خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی

**مجھے حسب مقدور رہائش کے لیے *میرے گھرانے کی اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ* میں بلایا گیا ہے۔ خود کی ملازمت سے ہونے والی میری آمدنی کی تصدیق کےلیے مجھے کن دستاویزات کی ضرورت ہے؟**

آپ کو یہ تصدیق کرنی ہوگی کہ ماضی میں اس قسم کے کام سے آپ نے کتنی کمائی کی ہے اور اس سال آپ کو کتنی کمائی ہونے کی توقع ہے۔

پچھلی آمدنی کی تصدیق کرنے کے لیے، اس قسم کے کام میں خود کی ملازمت کے لیے لگاتار پچھلے 3 سالوں کے ٹیکس ریٹرنز لے کر آئیں۔ اگر آپ کے پاس 3 سال کی معلومات نہیں ہے تو آپ لگاتار پچھلے 2 سالوں کی معلومات لا سکتے ہیں۔

اس سال آپ کو جتنی کمائی ہونے کی توقع ہے اس کی تصدیق کرنے کے لیے، اپنے اکاؤنٹنٹس یا کاروباری مینیجر کی جانب سے خط، مالی گوشوارے، بجٹ، رسیدیں یا دیگر ایسی معلومات لے کر آئیں جن سے رقم کی اس مقدار کی تائید ہو جتنی کمائی ہونے کی آپ کو توقع ہے۔

**اگر ایک مخصوص قسم کے کاروبار میں 2 سال سے کم وقت سے میرا خود کا روزگار ہے تو کیا ہوگا؟**

آپ کو یہ ثابت کرنے کے لیے دستاویزات کی ضرورت ہوگی کہ آپ کی اپائنٹمنٹ کی تاریخ کو آپ 2 سال یا زائد مدت سے اس قسم کے کاروبار میں خود کا روزگار کرتے ہیں۔ اگر آپ لگاتار پچھلے 2 سال سے یہ معلومات فراہم کرنے سے قاصر ہیں تو ممکن ہے کہ آپ اہل نہیں ہوں گے۔

اگر آپ کے خیال میں ایسا معاملہ ہو سکتا ہے تو بھی آپ کو درخواست پر اپنی **خود *کے روزگار سے ہونے والی خالص آمدنی*** کو شامل کرنا ضروری ہے۔ کسی بھی آمدنی کو چھوڑیں نہیں۔ آپ کو یہ جواب ملنے میں مہینوں لگ سکتے ہیں کہ

آیا آپ کا نمبر قرعہ اندازی میں آیا ہے، لہٰذا ایسا ممکن ہے کہ اس وقت تک آپ خود کے روزگار میں 2 سال سے ہوں۔ اپائنٹمنٹ میں یقینی طور پر ایسی دستاویزات لے کر آئیں جن سے پتہ چلے کہ آپ نے اس قسم کے خود کے روزگار سے ازیں قبل کتنی رقم کمائی ہے اور اگلے سال آپ کتنی رقم کمائیں گے۔

## مفید اصطلاحات

**اتفاقی یا فروعی آمدنی:** اعادی آمدنی جو مستقل طور پر یا وقت کے متوقع وقفے سے ادا نہیں کی جاتی ہے۔ عارضی نوکری، موسمی کام یا اداکاری والی نوکریاں اعادی کام کی مثالیں ہو سکتی ہیں جن کے لیے اتفاقی یا فروعی بنیاد پر ادائیگی کی جاتی ہے۔

**اثاثوں سے ملنے والا سود:** اگر آپ اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ میں جاتے ہیں تو ڈیولپر یا مارکیٹنگ ایجنٹ اثاثوں جیسے بینک کھاتوں یا دیگر سرمایہ کاریوں سے ہونے والی آپ کی سودی آمدنی کا حساب کتاب کرے گا۔ اگر آپ کے سبھی اثاثوں کی مالیت $5,000 سے کم ہے تو ان پر ملنے والے سود کو آپ کی آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے سبھی اثاثوں کی مالیت $5,000 سے زیادہ ہے تو یا تو اس پر ملنے والا سود یا ان کی مالیت کا 0.06%، جو بھی رقم زیادہ ہو اسے آپ کی آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے۔

**اثاثے:** اثاثے مالیت والے وہ آئٹمز ہوتے ہیں جنہیں نقدی میں بدلا جا سکتا ہے۔ بچت کھاتہ ایک نقد اثاثہ ہے۔ بینک اس اثاثے پر سود ادا کرتا ہے۔ سود اس اثاثے سے ہونے والی آمدنی ہے۔ دیگر مثالیں: اسٹاکس، بانڈز، میوچوئل فنڈز، منی مارکیٹ اکاؤنٹس۔ مزید معلومات کے لیے، نیچے ***اثاثوں سے ملنے والا سود*** دیکھیں۔

**آمدنی:** کمائیاں، اجرتیں یا دیگر وہ رقم جو آپ کو موصول ہوتی ہے۔

**اہل/اہلیت:** آپ کی آمدنی مخصوص حد کے درمیان آنا اور حسب مقدور رہائش کے لیے اہل قرار پانے کے واسطے درخواست کے دیگر تقاضوں پر پورا اترنا ضروری ہے۔ دیگر تقاضوں میں اپنی آمدنی ثابت کرنے کے لیے دستاویزات فراہم کرنا اور کریڈٹ اور پس منظر کی جانچ میں پاس کرنا شامل ہے۔ اگر آپ اور جن لوگوں کے ساتھ آپ رہیں گے وہ لوگ سارے تقاضے پورے کرتے ہیں تو آپ اہل ہیں۔

**اہلیت کی تصدیق کے لیے اپائنٹمنٹ:** درخواست کی آخری تاریخ کے بعد، سبھی درخواستوں کو اتفاقی ترتیب میں رکھا جاتا ہے۔ فہرست کے سب سے اوپر سے شروع کرکے، درخواستوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور اگر وہ اہل معلوم پڑیں تو اسکریننگ کی کارروائی جاری رکھنے کی خاطر درخواست دہندگان کو ایک اپائنٹمنٹ کے لیے بلایا جاتا ہے۔ اگر آپ کو کسی اپائنٹمنٹ میں بلایا جاتا ہے تو آپ کو اپنی آمدنی کی تصدیق کرنے والی دستاویزی شہادت لانی ہوگی۔

**تحفے سے ہونے والی آمدنی:** وہ آمدنی جو آپ کو مستقل بنیاد پر کسی ایسے شخص سے موصول ہوتی ہے جو آپ کے ساتھ نہیں رہتا ہے۔ مثلاً: آپ کے والدین مستقل بنیاد پر ہر مہینے آپ کی یوٹیلیٹیز ادا کرتے ہیں یا کوئی دوست یا رشتہ دار آپ کے کریانہ سامانوں اور دیگر اخراجات میں مدد کے لیے آپ کو چیک بھیجتا ہے۔ تحفے سے ہونے والی آمدنی نقد ہو سکتی ہے، لیکن اس کا نقد ہونا ضروری نہیں ہے۔

**حسب مقدور رہائش:** نیو یارک سٹی میں ایسے افراد کے لیے رہائش جن کی آمدنی ایک مخصوص رقم سے کم ہو۔ خاص طور پر، رہائش کو اس صورت میں "حسب مقدور" کہا جاتا ہے جب کوئی شخص کرایے یا رہائش کے اخراجات کے مدنظر اپنی آمدنی کا تقریباً ایک تہائی حصہ ادا کرتا ہے۔

**خالص آمدنی:** ٹیکس، اخراجات اور دیگر کٹوتیاں منہا کرنے کے بعد موصول ہونے والی آمدنی کی رقم۔ خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی کا حساب کتاب کرنے کے لیے خالص آمدنی استعمال ہوتی ہے۔

**خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی:** وہ آمدنی جو آپ خود کے لیے کام کرکے، کاروبار چلا کر یا خدمات فراہم کرکے کماتے ہیں۔ اس میں فری لانسنگ، خود مختار ٹھیکیداری اور معاوضے پر کیا جانے والا دیگر کام شامل ہے۔ درخواست پر خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی کے لیے خالص آمدنی استعمال ہوتی ہے۔ اگر آپ کی خالص آمدنی ایک سال میں $400 یا زائد ہے تو آپ کو اپنی درخواست میں اس آمدنی کی رپورٹ کرنا ضروری ہے۔ *نوٹ: اگر آپ کا کاروبار کوئی S کارپوریشن ہے تو شیڈیول K-1 میں رپورٹ کردہ مجموعی کاروبار سے ہونے والی آمدنی کمائی ہوئی مجموعی W-2 کی اجرتوں کے علاوہ ہے۔*

**خود مختار ٹھیکیدار:** وہ شخص یا کاروبار جسے دوسرے لوگ ضرورت پڑنے پر مخصوص قسم کا کام انجام دینے کے لیے معاوضے پر رکھتے ہیں۔ عموماً ٹھیکیدار اور انہیں معاوضے پر رکھنے والے شخص کے بیچ اقرارنامہ یا معاہدہ ہوتا ہے۔

**دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی:** وہ آمدنی جو آپ کو مستقل بنیاد پر موصول ہوتی ہے اور نوکری سے ہونے والی آمدنی نہیں ہوتی ہے۔ مثلاً، سوشل سیکیورٹی یا سابق فوجیوں کے بینیفٹس، سرکاری اعانت یا چائلڈ سپورٹ۔

**سالانہ آمدنی:** رقم کی وہ مقدار جو آپ کو ایک سال میں ادا کی جاتی ہے، جس کا حساب کتاب ملازمت سے ہونے والی مجموعی آمدنی، خود کے روزگار سے خالص آمدنی، اور دیگر ذرائع سے ہونے والی آمدنی سے کیا جاتا ہے۔

**طالب علم:** تقویمی سال کے 5 مہنیوں تک کل وقتی طالبانہ حیثیت والا فرد (اس فرد کے اسکول کے مطابق)۔ 5 مہینے لگاتار ہونا ضروری نہیں ہے۔ کل وقتی زیر کفالت طالب علم کی روزگار سے ہونے والی آمدنی کا صرف $480 آمدنی کے حساب کتاب میں شامل کیا جاتا ہے۔

**مجموعی آمدنی:** آپ کی سالانہ (ایک سال) کی کل کمائی، اجرتیں، ادائیگیاں یا دیگر وہ رقم جو آپ کو نوکری اور دیگر ذرائع سے، کوئی ٹیکس منہا کیے جانے سے قبل، ملتی ہے۔ یہ عموماً آپ کو حاصل ہونے والی ادائیگی سے زیادہ ہوتی ہے۔ بیشتر افراد اپنی درخواستوں پر مجموعی آمدنی کی رپورٹ کریں گے۔ جن لوگوں کا خود کا روزگار ہے وہ اس کے بجائے خود کے روزگار سے ہونے والی خالص آمدنی کی رپورٹ کریں گے۔

**مستقل بنیاد پر/باقاعدگی سے:** اگر آپ کو کسی ذریعے سے مستقل بنیاد پر یا "باقاعدگی" سے آمدنی موصول ہوتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو مستقل یا وقت کے متوقع وقفے سے ادائیگی کی جاتی ہے۔ ہر روز، ہر ہفتے، ہر 2 ہفتے پر، مہینے میں دو بار، مہینے میں ایک بار، ہر سہ ماہی پر یا ہر سال ادا کی جانے والی آمدنی مستقل بنیاد پر ادا کی جانے والی آمدنی کی مثالیں ہیں۔

**ملازمت سے ہونے والی آمدنی:** کسی آجر کے لیے (خود کے لیے نہیں) آپ جو کام کرتے ہیں اس سے ہونے والی آمدنی۔ ملازمت سے ہونے والی آمدنی کی رپورٹ کرنے کے لیے مجموعی آمدنی استعمال ہوتی ہے۔

**یک وقتی ادائیگی:** وہ آمدنی جو ماضی میں مستقل بنیاد پر موصول نہیں ہوئی اور جو آپ کو آئندہ دوبارہ موصول ہونے کی توقع نہیں ہے۔ اس رقم کو آمدنی کے حساب کتاب میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔

*[BACK PAGE FOOTER]*

NYC Housing Connect

حسب مقدور رہائش تلاش کرکے اس کے لیے درخواست دیں

Housing Preservation and Development

Housing and Development Corporation

Facebook: www.facebook.com/NYCHPD

Twitter: @nychousing

ویب سائٹ: www.nyc.gov/hpd

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے یا آن لائن درخواست دینے کے لیے www.nyc.gov/housingconnect ملاحظہ کریں۔

یہ دستاویز صرف معلوماتی مقاصد کے لیے ہے۔ یہ حسب مقدور ہاؤسنگ کے لیے کوئی درخواست نہیں ہے۔ یہ درخواست پُر کرنا اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کو ایک حسب مقدور یونٹ مل جائے گی۔